# سبق-18

## مُرغا اور لومڑی



کِسی درخت کی اُونچی شاخ پر ایک مُرغا بیٹھا ہُوا ککڑو کُوں ککڑو کُوں کر رہا تھا۔ اِتّفاق سے ایک لومڑی درخت کے پاس سے گُزری اور ککڑو کُوں کی آواز سُن کر اوُپر دیکھنے لگی۔

درخت پر موٹا تازہ مُرغا نظر آیا تو لومڑی کے مُنھ میں پانی بھر آیا۔ سوچنے لگی۔ ”شکار تو بہت اچھا ہے مگر اِسے نیچے بُلانے کی کیا ترکیب کی جائے؟“ تھوڑی دیر سوچ کر مُرغے سے بولی۔ ”کہو میاں مُرغے! اچھّے تو ہو؟“

مُرغے نے جواب دیا ”مہربانی ہے۔ سُناؤ تُمھارا مِزاج کیسا ہے؟“



© NCERT not to be republished

لومڑی نے مُسکرا کر جواب دیا ''تُمھاری دُعا سے ہر طرح کا آرام ہے۔ ہاں لو میں تو بھوُل ہی گئی تھی۔ میں نے آج ایک بہُت اچھّی خبر سُنی ہے۔ کیا تُمھیں کُچھ معلُوم ہے؟''

مُرغا بولا ''کیسی خبر؟ مُجھے تو کُچھ معلُوم نہیں۔''

لومڑی نے کہا ''تُم نے ابھی تک یہ خبر نہیں سُنی؟ جنگل کے سبھی جانوروں نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ آپس میں مِل جُل کر رہا کریں گے۔ اس لیے اب تُمھیں مُجھ سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ آؤ اِس درخت کی ٹھنڈی چھاؤں میں بیٹھ کر کچھ دیر باتیں کریں۔''

مُرغا ہنس کر بولا'' خبر تو بہت اچھّی ہے مگر وہ دیکھو سامنے کون آرہا ہے؟''



© NCERT not to be republished

لومڑی نے گھبرا کر پوچھا ''کون ہے؟''

مُرغے نے کہا ''وہ شِکاری کُتّے ہیں۔ اچھّا ہوا یہ بھی آگئے۔ اب سب مل کر باتیں کریں گے۔''

لومڑی شِکاری کُتّوں کا نام سُن کر بہت سَٹپٹائی اور ایک طرف بھاگنے لگی۔



مُرغا ہنس کر بولا : ''بی لومڑی! بھاگنے کیوں لگیں؟ آخر ایسی بھی کیا جلدی ہے؟ ذرا دیر ٹھہرو۔ میں نیچے آتا ہوں۔ لو وہ کُتّے بھی آگئے۔ اب ہمیں ایک دُوسرے سے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے۔آؤ بیٹھ کر باتیں کریں؟''



لومڑی نے کہا۔ ''نہیں نہیں۔ ہوسکتا ہے اِن کُتّوں نے بھی تُمھاری طرح یہ خبر نہ سُنی ہو۔

اچھّا، میں پھر کِسی وقت آؤں گی۔

خدا حافِظ۔''

یہ کہہ کر لومڑی یہ جا، وہ جا۔

© NCERT not to be republished

# مشق



## پڑھیے اور سمجھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| درخت | : | پیڑ |
| شاخ | : | ٹہنی |
| ترکیب | : | طریقہ |
| سٹپٹانا | : | گھبرانا، پریشان ہونا |



## ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. مُرغا کہاں بیٹھا تھا ؟
2. درخت کے پاس سے کون گزرا؟
3. لومڑی کے منھ میں پانی کیوں بھر آیا؟
4. لومڑی نے مُرغے کو کیا خبر سنائی ؟
5. مُرغے نے لومڑی کو کیسے ڈرایا؟

© NCERT not to be republished

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

سے پر کی کر نے

1. درخت ______ ایک موٹا تازہ مُرغا نظر آیا۔

2. مگر اسے نیچے بلانے ______ کیا ترکیب کی جائے۔

3. وہ تھوڑی دیر سوچ کر مُرغے ______ بولی۔

4. مُرغے ______ جواب دیا۔

5. اب سب مل ______ باتیں کریں گے۔

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. کون = ☐☐☐

2. خبر = ☐☐☐

3. مُرغا = ☐☐☐☐

4. لومڑی = ☐☐☐☐☐

5. ضرورت = ☐☐☐☐☐

© NCERT not to be republished



حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

| الف | ب |
| --- | --- |
|  | غٹرغوں |
|  | ککڑوں کوں |
|  | ٹیں ٹیں ٹیں |
|  | کاؤں کاؤں |
|  | کوٗ کوٗ کوٗ |
|  | چیں چیں |

© NCERT not to be republished



## مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں میں 'وں' ملا کر لکھیے۔

| مثال : ضرورت = ضرورتوں |
|---|

درخت = ____________          آواز = ____________

بندر = ____________          بات = ____________

شاخ = ____________          جنگل = ____________



## حروف کو ملا کر لفظ بنایئے۔

1. ش ا خ = ................
2. د ر خ ت = ................
3. ش ک ا ر = ................
4. ف ے ص ل ہ = ................
5. ت ر ک ی ب = ................

© NCERT
not to be republished



خوش خط لکھیے۔

| | |
|---|---|
| نظر | |
| خبر | |
| مزاج | |
| شکاری | |
| اتّفاق | |



آپ کو جو کہانی یاد ہو اسے اپنے ساتھیوں کو سنائیے۔

© NCERT not to be republished